SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**March 2, 2017**
**For immediate release**

## مارکیٹ میں سرمائے کی فراہمی کے لئے ایس ای سی پی کی کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (۲مارچ) کیپیٹل مارکیٹ میں سرمائے کی فراہمی اور مارکیٹ میں لیوریج مارکیٹ میں نئی پراڈکٹس متعارف کروانے کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی کمیٹی اپنی سفارشات جلد کمیشن کو پیش کرے گی۔ جمعرات کے روز منعقد ہونے والے کمیٹی کے تیسرے اجلاس میں مختلف سفارشات کا جائزہ کیا گیا اور انہیں حتمی شکل دی گئی۔

ایس ای سی پی کی جانب سے قائم کی گئی اس کمیٹی نے بین الاقوامی طور پر رائج طریقوں اور ملک کی موجودہ لیوریج پراڈکٹس، ان کے مسائل کا جائزہ لیا۔ کمیٹی نے اپنی سفارشات مرتب کرنا شروع کر دی ہیں جو کہ جلد ہی کمیشن کو پیش کی جائیں گی۔ کمیشن ریگولیٹری فریم ورک، رسک مینجمنٹ اور مارکیٹ میں شفافیت کے نقطہ نظر سے ان سفارشات کا جائزہ لے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254